# آغا خان فاؤنڈیشن

اور

## علمائے کرام کا فتویٰ

مرتب

فیض اللہ چترالی

ملنے کا پتہ

مکتبہ اہلسنت دار العلوم تعلیم القرآن

باڑہ گیٹ پشاور صدر

# آغا خان فاؤنڈیشن

## اور

## علمائے کرام کا فتویٰ

مرتب

**فیض اللہ چترالی**


ملنے کا پتہ

مکتبہ اہلسنت دارالعلوم تعلیم القرآن

باڑہ گیٹ پشاور صدر

# الاستفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء کرام کہ چترال اور گلگت کے علاقہ میں آغاخانیوں کا خاصا اثر ہے چونکہ یہ علاقہ بہت ہی پسماندہ ہے اور یہاں کے اکثر لوگ کافی غریب ہیں اس لئے آغاخانی لوگ اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرکے اور غریب مسلمانوں کو لالچ دے کر آغاخانی بنانے کی کوشش کرتے ہیں پچھلے دنوں کئی لوگوں کو آغاخانی بنایا گیا تو بعض علماء کو اس کا احساس ہوا اور آغاخانیوں کے مذہب کی حقیقت تمام مسلمانوں کو بتانا شروع کی۔ اس پر آغاخانیوں کی طرف سے ان پر شدید حملے کئے گئے اور اُن کا داخلہ اس علاقے میں بند کرادیا اب آغاخانیوں نے وہاں کے مسلمانوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لئے آغاخان فاؤنڈیشن کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے جس کے تحت وہاں کے مسلمانوں کو دولت کے لالچ میں گمراہ کرنے کا ایک بہت بڑا منصوبہ بنایا ہے

اس ادارے کا طریق کار یہ ہے کہ وہ ہر گاؤں سے کم از کم پچاس افراد کو اپنا ممبر بناتا ہے ہر ممبر اس ادارہ کو ۵ روپے فیس ممبری ادا کرتا ہے اور پھر ان ممبروں کی سفارش پر گاؤں کے ترقیاتی کاموں کے لئے ۵۰ ہزار روپے سے لیکر تین لاکھ روپے تک دیا جاتا ہے اس ممبری کے لئے علماء اور باشرع لوگوں کو چنا جاتا ہے اور سنا گیا ہے کہ ہر ممبر ماہوار دو روپے فیس ماہانہ ادا کرنا پڑتی ہے۔ کسی مسلمان کے لئے "آغاخان فاؤنڈیشن" کا ممبر بننا شرعی نقطۂ نظر سے درست ہے یا نہیں؟

اس مسئلہ پر وہاں کے لوگوں میں خاصا نزاع پایا جاتا ہے بعض لوگ بڑی شد و مد سے اس کی حمایت اور تائید کرتے ہیں اور بعض لوگ اس کو آغاخانیوں کی ایک خوفناک سازش تصور کرتے ہوئے اس کی ممبری کو مسلمانوں کے لئے جائز قرار نہیں دیتے کیونکہ اس کا مقصد اس سنہرے جال کے ذریعے سے وہاں کے فاقہ کش اور غریب عوام کو آغاخانیوں کے مذہب میں پھنسانا ہے۔ یہ رقم جب کسی گاؤں کو دی جاتی ہے تو ممبروں سے مختلف قسم کے نعرے لگوائے جاتے ہیں اور ان کو ٹیپ ریکارڈ کیا جاتا ہے، نیز اس موقعہ کی تصویر لیکر فلم تیار کی جاتی ہے۔ آغاخانی تمام علماء کے متفقہ فیصلے کے مطابق زندیق ہیں اور اس آغاخان فاؤنڈیشن کا مقصد مسلمانوں کو گمراہ کرنا ہے۔ ایسی حالات میں کیا کسی مسلمان کو اس فاؤنڈیشن کا ممبر بننا اور امداد وصول کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ اور شرع شریف کے حکم کے مطابق اس کے ممبر بننے والے لوگ گنہگار ہوں گے یا نہیں؟

مستفتی: سواد اعظم اہلسنت چترال

# مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی مدظلہ کا فتویٰ

الجواب باسمہ تعالیٰ

ارشاد ربانی ہے۔ یاایھا الذین آمنوا لاتتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء تلقون الیھم بالمودۃ وقد کفروا بما جاءکم من الحق یخرجون الرسول وایاکم ان تؤمنوا باللہ ربکم ان کنتم خرجتم جھاداً فی سبیلی وابتغاء مرضاتی تسرون الیھم بالمودۃ وانا اعلم بما اخفیتم وما اعلنتم ومن یفعلہ منکم فقد ضل سواء السبیل (الممتحنہ آیت ۱ پارہ ۲۸)

ترجمہ "اے ایمان والو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم ان کو پیغام دوستی بھیجتے ہو حالانکہ تمہارے پاس جو حق آیا ہے وہ اس کا انکار کرتے ہیں رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اور تم کو صرف اس بنا پر نکالتے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لائے ہو جبکہ تم میرے راستے پر جہاد پر نکلے اور میری رضامندی کی تلاش میں گئے تم اُن سے خفیہ محبت رکھتے ہو حالانکہ میں تمہاری خفیہ اور علانیہ باتوں کو خوب جانتا ہوں اور جو ایسا کریگا اس نے راہ حق گم کر دیا۔" آیت کریمہ سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں اور مسلمانوں کے دشمنوں سے محبت اور دوستی رکھنا اور اسی طرح اُن سے خفیہ محبت و مودت رکھنا جس سے اسلام کو نقصان اور ضرر پہنچے منع ہے۔ اسی طرح سورۃ المجادلہ میں ہے۔

لاتجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ، اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لانے والوں کو نہ پاؤ گے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفین سے محبت رکھیں (المجادلہ آخری آیت پارہ ۲۸)

قاضی ثناء اللہ پانی پتی مفتی وقت تفسیر مظہری میں لکھتے ہیں۔

ھذہ الآیۃ تدل علی أن ایمان المومن تفسد بموداۃ الکافرین وان المومن لایوالی الکافر وان کان قریبہ (ص ۲۲۳ ج ۹) اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ کافروں سے محبت کرنے سے مومن کا ایمان فاسد ہو جاتا ہے اور یہ کہ مومن کو کافروں سے معاملات نہیں کرنا چاہیئے اگرچہ اس کا قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔

یاایھا الذین آمنوا لاتتخذوا الکافرین اولیاء من دون المؤمنین (آل عمران)

ایمان والو! تم کافروں کو اپنا ولی اور دوست نہ بناؤ مومنوں کو چھوڑ کر۔

ابوبکر الرازی الجصاص اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں ۔ اقتضت الآیۃ النھی عن استنصار بالکفار والاستعانۃ بھم والرکون الیھم والثقۃ بھم ۔ آیت کریمہ کا تقاضہ یہ ہے کہ کافروں سے نصرت حاصل کرنا، مدد حاصل کرنا ان کی طرف میلان رکھنا اور اعتماد کرنے کی ممانعت شدید ہے۔

بات یہ ہے کہ قرآن کریم میں مندرجہ بالا مضمون کو متعدد مقامات پہ بیان فرمایا ہے جس سے چار درجے برآمد ہوتے ہیں ایک درجہ قلبی موالات یا دلی دوستی و محبت کا ہے یہ عرف مومنین کے ساتھ مخصوص ہے غیر مومن کے ساتھ قطعاً کسی حال میں جائز نہیں ہے ۔ دوسرا درجہ مواسات کا ہے جس کے معنی ہمدردی و خیر خواہی اور نفع رسانی کے ہیں یہ بجز کفار اہل حرب کے جو مسلمانوں سے برسر پیکار ہیں باقی سب غیر مسلموں کے ساتھ جائز ہے، تیسرا درجہ مدارات کا ہے جس کے معنی ظاہری خوش خلقی اور دوستانہ برتاؤ یہ بھی تمام غیر مسلموں کے ساتھ جائز ہے ۔ جبکہ اس سے مقصود ان کو دینی نفع پہنچانا یا ان کے شر اور ضرر رسانی سے اپنے آپ کو بچانا مقصود ہو ، چوتھا درجہ معاملات کا ہے کہ ان سے تجارت یا اجرت و ملازمت اور صنعت و حرفت کے معاملات کئے جائیں یہ سب امور جائز ہیں احادیث کے سلسلہ میں سب سے پہلے حاطب بن ابی بلتعہ کی حدیث آتی ہے جسمیں انہوں نے کافروں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف لیجانے کی اطلاع دیدی تھی آپ کو وحی کے ذریعے سے معلوم ہو گیا چند صحابہ کرام کو بھیجا گیا وہ جاسوس عورت سے حاطب بن ابی بلتعہ کا خط لے آئے بعض صحابہ نے حاطب کو قتل کرنا چاہا تاہم آپ نے اُن کے عذر کی وجہ سے معاف کر دیا اسی موقع پر سورہ ممتحنہ کی آیات نازل ہوئیں اور اس سے مسلمانوں کے لئے قانون بن گیا کہ کافروں سے موالات و مودت جائز نہیں ہے (بخاری ج ۲ - غزوہ بدر و فتح مکہ)

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایلدغ المومن من جحر مرتین ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا ۔ اور علامہ محمد امین شامی ردالمحتار میں لکھتے ہیں ۔ یعلم ماھنا حکم الدروز والتیامنۃ فانھم فی البلاد الشامیۃ یظھرون الاسلام و الصوم والصلوۃ مع انھم یعتقدون تناسخ الارواح وحل الخمر والزنا وان الالوھیۃ تظھر فی شخص بعد شخص ویجحدون الحشر والصوم والصلاۃ والحج ویقولون المسمی بھا غیر المعنی المراد ویتکلمون فی جناب نبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کلمات فظیعۃ وللعلامۃ المحقق عبد الرحمان العمادی فیھم فتوی مطولۃ ۔ وذکر فیھا ۔ انھم ینتحلون عقائد النصیریۃ و

الاسماعیلیۃ الذین یلقبون بالقرامطۃ والباطنیۃ الذین ذکرھم صاحب المواقف ونقل عن علماء المذاھب الاربعۃ انہ لا یحل اقرارھم فی دیار الاسلام بجزیۃ ولا غیرھا ولا تحل مناکحتھم ولا ذبائحھم۔

(رد المحتار ص۳۱۱ ج ۲)

ترجمہ:- یہاں سے دروز اور تیامنہ کا حکم معلوم ہوا یہ لوگ دیار شام میں اسلام اور روزہ نماز کا اظہار کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود تناسخ ارواح کے قائل ہیں اور شراب اور زنا کو حلال سمجھتے ہیں اور یہ بھی اعتقاد رکھتے ہیں کہ الوہیت کا یکے بعد دیگرے ایک خاص شخص میں ظہور ہوتا رہتا ہے۔ نیز حشر، روزہ، نماز اور حج کے بھی منکر ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ ان الفاظ سے جو معنیٰ مراد لئے جاتے ہیں وہ ان کے اصل معنیٰ نہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مبارک میں بھی گستاخانہ کلمات منہ سے نکالتے رہتے ہیں علامہ محقق عبدالرحمان عمادی کا ان کے بارے میں ایک طویل فتویٰ ہے جس میں انہوں نے بیان کیا ہے کہ یہ لوگ نصیریہ اور اسماعیلیہ کے عقائد رکھتے ہیں جن کو قرامطہ اور باطنیہ کہا جاتا ہے صاحب مواقف نے ان کا ذکر کیا ہے اور چاروں مذاہب کے علماء سے ان کے بارے میں نقل کیا ہے کہ ان کو جزیہ لے کر یا کسی اور طریقہ سے دارالاسلام میں رہنے دینا روا نہیں نہ ان سے نکاح کرنا حلال ہے اور نہ ان کے ہاتھ کا ذبیحہ کھانا۔

دلائل مندرجہ بالا اور آغاخانیوں (جو دراصل قرامطہ اور اسماعیلیہ ہیں) کی گزشتہ تاریخ کو سامنے رکھتے ہوئے روز روشن کی طرح واضح ہے کہ آغا خان فاؤنڈیشن کا ممبر بننا قطعاً ناجائز اور حرام ہے کیوں کہ اس سے ان کا مقصد مسلمانوں کی غربت وافلاس سے فائدہ اٹھا کر ان کے ایمان واسلام کو خریدنا ہے جو علماء اس فاؤنڈیشن کے حق میں ہیں وہ سخت ناعاقبت اندیشی میں مبتلا ہیں ان کو چاہیئے کہ فوراً اس سے رجوع کریں اور مسلمانوں کو ابتلاء وآزمائش میں ڈالنے کا سبب نہ بنیں مسلمانوں کو چاہیئے کہ جو لوگ ان کو اس فاؤنڈیشن کا

ممبر بننے کی تلقین کریں اُن سے مقاطعہ کریں اور غربت و افلاس کو کفر اور زندقہ کے
مقابلہ میں قبول کریں حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں جب سے اسلامی حکومت کا
نام لیا جارہا ہے خواہ غلط یا صحیح اس نے جہاں اسلام دشمن طاقتوں کو پاکستان کی
متوجہ کر دیا ہے وہاں یہاں کے فرق باطلہ کو بیدار کر دیا ہے یہ لوگ کبھی ملک توڑنے
کی طرف لگ جاتے ہیں اور کبھی مسلمانوں کو کافر اور بد دین بنانے کی طرف متوجہ ہو جاتے
ہیں ضرورت ہے کہ مسلمان جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ، تابعین، علماء
ربانیین کے ماننے والے ہیں ان کی سازشوں کو بالکل ناکام بنا دیں ۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل ۔

ولی حسن ٹونکی
المفتی ولی حسن
دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ
رئیس دار الافتاء و شیخ الحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراتشی ٥

جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
دار الافتاء
کراتشی ٥ پاکستان

الجواب صحیح
محمد ادریس [illegible]

الجواب صحیح
محمد [illegible]

[illegible]

عبد [illegible]

محمد عبد السلام عفا اللہ عنہ

محمد [illegible]

قال تعالیٰ ان الذین یلحدون فی آیاتنا لا یخفون علینا
اس آیت مبارکہ کی روشنی میں جواب بالکل صحیح ہے
محمد انور [illegible]

[illegible]

# مدیر بینات مولانا محمد یوسف لدھیانوی

## کا فتویٰ

## الجواب!

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

(۱) جس شخص کو اسلامی تعلیمات اور آغاخانی عقائد و نظریات سے ذرا بھی شدبد ہو اسے اس امر میں قطعاً کوئی شبہ نہیں ہوگا کہ آغاخانی جماعت بھی قادیانی جماعت کی طرح زندیق و مرتد ہے۔ چنانچہ قرونِ اولیٰ سے لیکر آج تک کے تمام اہلِ علم ان کے کفر و ارتداد اور زندقہ و الحاد پر متفق ہیں۔ جو لوگ جہالت و ناواقفی کی وجہ سے آغاخانیوں کو بھی مسلمانوں ہی کا ایک فرقہ سمجھتے ہیں ان کی بے خبری و لاعلمی حد درجہ لائق افسوس اور لائق صد ماتم ہے۔

(۲) آغاخانیوں کی دعوت ہمیشہ خفیہ، پراسرار اور ایک خاص حلقے تک محدود رہی انہیں کھلے بندوں اپنے عقائد باطلہ کی نشر و اشاعت کی کبھی جرأت نہیں ہوئی۔ لیکن موجودہ دور میں مسلمانوں کی کمزوری و پسماندگی اور عوام و حکام کی غفلت شعاری نے ان باطنی قزاقوں کے حوصلے بلند کر دئے ہیں اور انہوں نے ایسے منصوبے بنانے شروع کر دئے ہیں جن کے ذریعے مسلمانوں کے بچے کھچے سرمایہ ایمان کو بھی لوٹ لیا جائے۔

(۳) ان سازشی منصوبوں میں رفاہی اداروں کا جال سب سے زیادہ کامیاب شیطانی حربہ ہے۔ کیونکہ حکمرانوں سے لے کر عوام تک سب کی گردنیں "بیت زر" کے آگے" جھک جاتے ہیں۔ دین و ایمان کے ڈاکوؤں کو مسلمانوں کی خدمت و پاسبانی کی سرکاری و عوامی سند مل جاتی ہے۔ اور انہیں مسلمانوں میں اپنے زندیقانہ نظریات و کافرانہ عقائد پھیلانے کا موقع بغیر کسی روک ٹوک کے میسر ہوتا ہے۔

(۴) ان حالات میں " آغاخان فاؤنڈیشن " کا قیام مسلمانوں کے وجود ملی کے لئے سم قاتل ہے، اس کی رکنیت قبول کرنا، اس سے تعاون کرنا اور اس سے کسی قسم کی مدد لینا ایمانی غیرت کا جنازہ نکال دینے کے مترادف ہے اور یہ ایک ایسا اجتماعی جرم ہے جس کی سزا خدا تعالیٰ کے قہر اور غضب کی شکل میں نازل ہوگی۔

(۵) مسلمانوں کو اس جال سے بچانے کے لئے حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس ادارے کے قیام کی اجازت منسوخ کرے، اور عام مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس سازشی فاؤنڈیشن کا یکسر بائیکاٹ کریں اور اس علاقے کے علماء وصلحاء کا فرض ہے کہ وہ کھل کر اس سازش کو بے نقاب کریں اور حکومت سے اس کے خلاف پرزور احتجاج کریں۔ جو شخص اس فاؤنڈیشن کی مدح وستائش کرے گا۔ اس کی رکنیت قبول کرے گا یا اس سے کسی قسم کا تعاون کرے گا یا تعاون لے گا وہ کل قیامت میں خدا و رسول کے باغیوں کی صف میں اٹھایا جائے۔ من کثر سواد قوم فھو منھم

لعمری لقد نبھت من کان نائما
واسمعت من کانت لہ اذنان

وللہ الحمد اولاً و آخراً

# دار العلوم کراچی ۱۴ کا فتویٰ

آغاخانی دائرہ اسلام سے خارج ہیں کافر ہیں زندیق ہیں اور قرآنی نصوص کے مطابق کفار مسلمانوں کے بدترین دشمن ہیں اور نیز کافروں کے ساتھ محبت کرنا اور دوستانہ تعلقات استوار کرنا ناجائز اور حرام ہے اور ہر وہ چیز جو سبب بنے حرام کام کا وہ چیز بھی حرام ہے سدًّا للذرائع اور تاریخ گواہ ہے کہ ہمیشہ کافروں نے مختلف سازشوں سے مال و زر اور متاع دنیا کا لالچ دے کر مسلمانوں کے ایمان کو لوٹنے کی ناپاک کوشش کی ہے اس لئے آغاخانیوں کا ترقیاتی کاموں کے نام پر مسلمانوں کو جھانسا دے کر ان کو آہستہ آہستہ اپنے مسلک سے قریب تر کرنے کی ایک گہری سازش ہے۔ مزید برآں اگر ان کے ساتھ قرض وغیرہ کے معاملات جائز رکھیں جائیں تو سادہ لوح مسلمان ان کو مسلمانوں کا ایک فرقہ سمجھنے لگیں گے چنانچہ بہت سارے مسلمانوں کو اب بھی ان کے کافر ہونے کا کوئی علم نہیں، اور اس کا ایمان و اسلام کے خلاف ہونا ظاہر ہے۔ لہٰذا آغاخان فاونڈیشن کا ممبر بننا قطعاً ناجائز اور حرام ہے اور مسلمانوں پر واجب ہے کہ کفر و زندقہ کے لئے کوئی نرم گوشہ اختیار نہ کریں اور علاقہ کے علماء صلحاء اور ذی اثر لوگوں پر واجب ہے کہ وہ لوگوں کو وعظ و نصیحت اور اپنی وجاہت کے ذریعہ سے اس کا ممبر بننے سے منع کریں اور حکومت سے پر زور مطالبہ کریں کہ وہ آغاخانیوں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھے اور جو لوگ فاونڈیشن کے ممبر بننے کی لوگوں کو ترغیب دیتے ہیں انہیں پہلے سمجھایا جائے، اگر وہ ترغیب دینے سے ہی باز آجائیں تو بہتر ورنہ ان کے ساتھ مقاطعہ کیا جائے۔

دلائل ملاحظہ ہو۔

قال اللہ تعالیٰ ان الکفرین کانوا لکم عدوا مبینا سورۃ النساء

وقال تعالیٰ یا ایھا الذین امنوا لا تتخذوا الذین اتخذوا

دینکم هزوا ولعبا من الذین اوتوا الکتب من قبلکم والکفار
اولیاء ۔ (سورۃ مائدۃ آیت ۵۷)
(وفی الشامیہ ج ۳ ص ۲۹۸ مطبوعہ بیروت)
وللعلامۃ المحقق عبد الرحمٰن العمادی فیہم فتوی مطولہ
وذکر فیہا انہم ینتحلون عقائد النصیریۃ والاسماعیلیۃ
الذین یلقبون بالقرامطۃ والباطنیۃ الذین ذکرہم صاحب
المواقف ونقل عن علماء المذاہب الاربعۃ انہ لا یحل
اقرارہم فی دیار الاسلام بجزیۃ ولا غیرہا ولا تحل
مناکحتہم ولا ذبائحہم اھ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم ۔

محمد خالد
دار الافتاء دار العلوم کراچی ۱۴
۱۶ ۔ ۵ ۔ ۱۴۰۴ ھ

الجواب صحیح
[illegible]

دار الافتاء
دار العلوم کراچی ۱۴
اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۰۴/۵/۱۶ ھ

# دارالافتاء والارشاد ناظم آباد کا فتویٰ

آغاخانی مرتد اور زندیق ہیں۔ آغاخانیوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں یہ لوگ بلاشبہ کافر اور مرتد ہیں اور واجب القتل ہیں لہٰذا ایسے لوگوں کا اس خطرناک منصوبہ میں کسی قسم کا تعاون کرنا درحقیقت چند ٹکوں کی خاطر ایمان کو فروخت کرنا ہے۔ حکومت اسلامیہ پر فرض ہے کہ سادہ لوح مسلمانوں کو مرتدین کے پنجۂ کفر سے نجات دلائے اور اسلام کے ان دشمنوں کو عبرت ناک سزا دے، وہاں کے علماء صلحاء اور بااثر لوگوں پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ جلد از جلد اس بارے میں مؤثر اقدامات کریں، عوام پر ان لوگوں کا کفر و زندقہ واضح کیا جائے تاکہ اس خطرناک حربہ سے دنیا و آخرت تباہ نہ کریں۔ وہاں کے مسلمانوں کو بھرباور کرایا جائے کہ آغا خانی ادارہ میں شرکت خواہ کسی وجہ میں، کسی قسم کا تعاون، ممبر وغیرہ بننا ناجائز اور حرام ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

عبدالرحیم عفا اللہ عنہ

نائب مفتی دارالافتاء والارشاد

۳۰ / ۴ / ۱۴۰۴ھ

# دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی کا فتویٰ

الجواب وھو الصدق والصواب -

فرقہ آغاخانیہ باجماع المسلمین کافر ہے اور زندیق کے احکام ان پر جاری ہوں گے اس لئے کہ ہر وقت وہ اس کوشش میں رہتے ہیں کہ کسی طرح مسلمانوں کو نقصان پہنچے وہ کبھی مسلمانوں کے خیر خواہ نہ اس سے پہلے رہے ہیں اور نہ اب وہ مسلمانوں کے خیر خواہ ہیں بلکہ مسلمانوں کو نقصان پہنچانا اور دھوکہ دینا ان کے نزدیک عین عبادت اور کار ثواب ہے چنانچہ ابن کثیر نے البدایۃ والنھایۃ میں لکھا ہے کہ تاتاریوں نے جب دمشق پر حملہ کیا تھا تو ان اسماعیلیوں نے ان کا ساتھ دیکر مسلمانوں کو تباہ و برباد کرنے کی ناکام کوشش کی تھی چنانچہ یہ فرقہ کبھی مسلمانوں کا دوست نہیں ہو سکتا ہے اور خدا اور رسول کا دشمن ہے تو اب ظاہر ہے کہ ایک مسلمان کے لئے کس طرح اُن سے دوستی یا ان کے فاؤنڈیشن یا ان کے کسی انجمن میں شرکت جائز ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے بنص قطعی یہ حرام کیا ہے چنانچہ ارشاد ہے لاتجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا اباءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم اولئک کتب فی قلوبھم الایمان الخ (سورۃ المجادلۃ آیت ۲۲) وقال اللہ تعالیٰ الم تر الی الذین تولوا قوما غضب اللہ علیھم ما ھم منکم ولا منھم ویحلفون علی الکذب وھم یعلمون ، اعد اللہ لھم عذابا شدیدا انھم ساء ما کانوا یعملون (سورۃ مجادلہ آیت ۱۴ و ۱۵) یا ایھا الذین امنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء تلقون الیھم بالمودۃ وقد کفروا بما جاءکم من الحق (ممتحنہ آیت ۱) ان آیتوں سے صراحتاً معلوم ہوا کہ مشرکین اور دین دشمن طبقے سے دوستی رکھنا جائز نہیں اور نہ ان سے مالی امداد ہدیہ سمجھ کر قبول کرنا جائز ہے حضرت سلیمان علیہ السلام کا واقعہ اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے کہ انہوں نے مشرکین کے ہدیہ کو قبول نہیں فرمایا - فلما جاء سلیمان قال اتمدونن بمال فما اتانی اللہ خیر مما اتاکم بل انتم بھدیتکم تفرحون (سورۃ النمل آیت ۳۶) بعض مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تالیف قلب اور مصلحت کے لئے مشرکین کو ہدایا دیئے بھی اور ان سے قبول بھی کئے لیکن بقول علامہ آلوسیؒ تحقیق یہ ہے کہ اگر دینی مصالح اور امور دینیہ میں خلل پڑتا ہو تو ان کے ہدیہ کو قبول کرنا جائز نہیں ہے روح المعانی - عمدۃ القاری میں علامہ عینی نے صفحہ ۱۶۵ ج ۱۳ اور سنن ابو داؤد میں امام ابو داؤد نے کعب بن مالک اور عیاض بن حمار وغیرہ کی روایات نقل کی ہے جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ انی لا اقبل ھدیۃ مشرک اور انی نھیت عن زبد المشرکین - ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ ان کے ساتھ دوستی بھی جائز نہیں ہے اور ان کی امداد کو قبول کرنا بھی جائز نہیں ہے کیونکہ یہ درحقیقت نہ ہدیہ ہے اور نہ امداد بلکہ مسلمانوں کو گمراہ اور بے دین

بنانے کی ایک سازش ہے جو عیسائی مشنریوں کی طرز پر چلائی جارہی ہے۔

علامہ انور شاہ کشمیری نے ابو بکر رازی کے احکام القرآن کے حوالے سے لکھا ہے کہ وقولهم فی ترک قبول توبة الزندیق یوجب أن لا یستتاب الاسماعیلیة وسائر الملحدین الذین قد علم منهم اعتقاد الکفر کسائر الزنادقة وأن یقتلوا مع اظهارهم التوبة احکام القرآن ص ۵۴ ج ۱ بحوالہ اکفار الملحدین ص ۳۰ جب اسلام کی نظر میں ان کا توبہ اور اسلام بھی قبول نہیں تو ظاہر ہے کہ ان سے مالی فوائد بصورت امداد وھدیہ لینا جائز ہے اور نہ ان کی فاونڈیشن اور انجمن میں شرکت جائز ہے۔ دیگر کفار کی امداد پر بھی اس کو قیاس نہیں کیا جا سکتا ہے کیونکہ وہ امداد حکومتی سطح پر ملتی ہے اس سے عام مسلمانوں کی زندگی اور دین کے متاثر ہونے کا خطرہ نہیں ہے جبکہ مذکورہ امداد سے عام مسلمانوں کی انفرادی زندگی کے متاثر ہونے کا شدید خطرہ ہے اور مسلمانوں کے مرتد اور زندیق بننے کا قوی احتمال ہے لہٰذا ان کے ساتھ شرکت اور ان کی امداد کا قبول کرنا حرام ہے من کثر سواد قوم فهو منهم علماء اور عام دیندار مسلمانوں پر اس کا تدارک فرض ہے ورنہ وہ خدا کے ہاں جوابدہ ہوں گے

فقط

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

نظام الدین شامزی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی ۲۵

المفتی نظام الدین

الجامعۃ الفاروقیۃ

دار الافتاء

الجامعۃ الفاروقیۃ شاہ فیصل کالونی نمبر ۴ کراچی نمبر ۲۵ پاکستان

الجامعۃ الفاروقیۃ شاہ فیصل کالونی نمبر ۴ کراچی ۲ پاکستان

حصہ دوم

۹ / ۳ / ۱۴۱۷ھ

۲۵ / ۷ /

[illegible]

# دارالافتاء دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک پشاور
## کا فتویٰ

الجواب :- فرقہ آغاخانیہ ضروریاتِ دین سے انکار کی وجہ سے ۔ بلا شک وشبہ کافر اور خارج از اسلام ، اس سے موالات ( دوستانہ تعلقات رکھنا ) حرام منصوص ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ۔ لایتخذ المومنون الکافرین اولیآء من دون المومنین ومن یفعل ذلک فلیس من اللہ فی شیء الا ان تتقوا منھم ۔

یہ فرقے اقلیت ہونے کی وجہ سے اور مذہبی دلائل سے محروم ہونے کی وجہ سے نہ سیاسی تحریک کی ہمت رکھتے تھے اور نہ اپنے کفریات کی دعوت دینے کے ارادات رکھتے تھے ۔

موجودہ دور میں یہ فرقے اپنی کثرت زر کو دیکھ کر تنظیموں کے داموں میں بے علم اور کم علم لوگوں کو پھنسانا چاہتے ہیں اور اس مکر وفریب سے سیاسی عروج اور دعوت میں کامیابی کا ارادہ رکھتے ہیں پس اس بنا پر ان کے تنظیموں میں کوئی حصہ لینا اسلام دشمنی اور مداہنت ہے ۔ وھو الموفق

محمد ویر عفی عنہ

# دارالافتاء دارالعلوم امجدیہ کا فتویٰ

الجواب :-

آغاخانی خود بھی اپنے آپ کو مسلمان نہیں کہتے ہیں۔ اور دنیا میں کہیں انہوں نے مسجد نہیں بنوائی۔ اس لئے کہ وہ نماز کو فرض ہی نہیں سمجھتے ہیں۔ صرف جماعت خانے بنواتے ہیں جس میں شام کو سب عورت مرد جمع ہو کر کچھ تفریح کر لیتے ہیں وہ دنیاوی کاموں میں جو کچھ بھی حصہ لیں یہ اُن کا فعل ہے۔ مگر مال و دولت کا لالچ دے کر اگر مسلمانوں کو اسلام سے پھیرتے ہیں اور اپنی جماعت میں داخل کرتے ہیں جیسا کہ سوال سے معلوم ہوتا ہے تو مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ اس فتنہ ارتداد کو روکیں اور ان کے ان افعال سے جب اُن کی نیتوں اور ارادوں کا ظہور ہو گیا تو دنیاوی کاموں میں بھی اُن سے کسی طرح کا تعاون نہ کریں اور اپنے آپ کو اُن سے جدا رکھیں۔ اور اُن کو اپنے علاقوں میں آنے نہ دیں اور اجتماعی طور پر حکومت سے مطالبہ کریں کہ وہ اس فتنے کو رد کے اور ان کی اس قسم کی سرگرمیوں پر پابندی لگائے۔

واللہ تعالیٰ اعلم

# دارالافتاء دارالعلوم نعیمیہ کا فتویٰ

آغاخانی (اسماعیلیوں) کے عقائد کے متعلق جو کچھ کہا جاتا ہے اگر درست ہے تو ہر ایسے معاملہ میں جس سے اسلامی عقائد و اعمال متاثر ہوتے ہوں ان سے تعاون اور فائدہ حاصل کرنا قطعاً درست نہیں بلکہ گناہ ہے ارشاد باری ہے۔

وتعاونوا علی البر والتقوٰی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان۔

جو مسلمان ان سے اس طرح کا تعاون کریں گے جو آغاخانیت کے فروغ کا سبب ہوگا وہ گناہگار ہوں گے اور آخرت میں ان سے مواخذہ بھی ہوگا۔ واللہ اعلم۔

محمد اطہر النعیمی
۱۵-۲-۸۸